قائداعظم ٹرافی: سرفراز احمد کے لیے یادگار سیزن

- انفرادی کارکردگی میں صاحبزادہ فرحان اور خرم شہزاد نمایاں

لاہور 27 اکتوبر 2023:

سرفراز احمد کی جیتی گئی ٹرافیوں میں ایک اور ٹرافی کا اضافہ ہوگیا جب کراچی وائٹس نے ان کی قیادت میں قائداعظم ٹرافی کے فائنل میں فیصل آباد ریجن کو آوٹ کلاس کرتے ہوئے 456 رنز سے کامیابی حاصل کرلی۔

کراچی وائٹس کی ٹیم ٹورنامنٹ میں چھائی رہی تھی اسے ٹیسٹ کرکٹرز سرفراز احمد اسد شفیق خرم منظور نعمان علی اور میر حمزہ کی خدمات حاصل رہیٔ۔ آخری کے میچوں میں شان مسعود اور صائم ایوب بھی ٹیم کا حصہ بنے۔

فائنل یکطرفہ ثابت ہوا جس میں فہیم اشرف کی قیادت میں فیصل آباد کی ٹیم اس کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکی جو اس نے لیگ میچوں میں دکھائی تھی۔ فائنل کی خاص بات نوجوان صائم ایوب کی شاندار بیٹنگ تھی جنہوں نے پہلی اننگز میں ڈبل سنچری اور دوسری اننگز میں سنچری اسکور کی۔

شان مسعود اور اسد شفیق نے بھی سنچریاں اسکور کیں۔ بولنگ میں شاہنواز دھانی اور میر حمزہ نے نو وکٹیں شیئر کیں اور اپنی ٹیم کو 543 رنز کی سبقت دلادی۔ کراچی وائٹس نے فیصل آباد کو فالو آن نہیں کرایا اور 789 رنز کی مجموعی برتری حاصل کر کے 456 رنز سے میچ جیت لیا۔

فیصل آباد کی دوسری اننگز میں کپتان فہیم اشرف کی سنچری قابل ذکر رہی۔

اس سال قائداعظم ٹرافی سنگل لیگ کی بنیاد پر آٹھ ٹیموں کے ساتھ کھیلی گئی۔ فاٹا کی ٹیم آخری نمبر پر آئی اور یوں وہ اگلے سیزن میں نان فرسٹ کلاس حنیف محمد ٹرافی میں کھیلے گی جبکہ اسلام آباد ریجن کی ٹیم حنیف محمد ٹرافی جیت کر اگلے سیزن میں قائداعظم ٹرافی کھیلنے کی اہل ہوگئی ہے۔

قائداعظم ٹرافی کے اعدادوشمار کے مطابق پشاور کے صاحبزادہ فرحان تین سنچریوں اور دو نصف سنچریوں کی مدد سے 847 رنز بناکر بیٹنگ میں سرفہرست رہے جس میں کریئر بیسٹ 245 شامل ہے۔

کراچی وائٹس کے کپتان سرفراز احمد 697 اور ان کے ساتھی اسد شفیق 670 رنز بناکر دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔

بولنگ میں فیصل آباد کے خرم شہزاد 36 وکٹوں کے ساتھ سرفہرست رہے۔ کراچی وائٹس کے میر حمزہ نے 32 وکٹیں 19.31 کی متاثر کن اوسط سے حاصل کیں۔

میر حمزہ کی کارکردگی اس لحاظ سے بھی قابل ذکر ہے کہ انہوں نے دو لیگ میچ قذافی اسٹیڈیم کی بیٹنگ وکٹ پر کھیلے اس کے برعکس خرم شہزاد نے اپنے لیگ میچز شمال میں تیز بولرز کی مددگار پچز پر کھیلے۔

ٹیسٹ فاسٹ بولر محمد علی نے 28 وکٹیں حاصل کیں اور وہ بولرز میں تیسرے نمبر پر رہے۔

وکٹ کیپرز میں لاہور بلوز کے جنید علی اور فیصل آباد کے علی شان نے وکٹوں کے پیچھے 29 شکار کیے جبکہ سرفراز احمد نے بیٹنگ کے ساتھ ساتھ کیپنگ میں بھی شاندار کارکردگی دکھائی اور 28 شکار کیے۔

-

-ENDS-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk